تبصرے

تدوین حدیث از مولانا سید مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔ تقطیع کلاں ضخامت ۴۴۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد چھ روپے آٹھ آنے۔ پتہ:- ادارۂ مجلس علمی کراچی (سابق ڈابھیل)

منکرین حدیث کا سب سے بڑا حربہ یہ ہے کہ احادیث کی تدوین دوسری تیسری ہجری میں ہوئی ہے اس لئے جو ذخیرہ تقریباً ایک صدی تک ادھر ادھر غیر مدون و مرتب پڑا رہا۔ اس کی نسبت یہ دعویٰ کیوں کر کیا جاسکتا ہے کہ وہ حذف و ترمیم اور جعل و تنسیخ سے بالکل محفوظ ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں مولانا گیلانی نے تدوینِ حدیث کے موضوع پر جامعہ عثمانیہ میں توسیعی لکچرز کی صورت میں چار خطبات پڑھے تھے۔ بعد میں یہ خطبے برہان اور بعض دوسرے رسالوں میں بھی کالاً و جزءاً شائع ہوگئے تھے اور علم و نظر کے طبقہ میں بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھے گئے تھے۔ ادارۂ مجلس علمی نے انھیں خطبات کو کتابی شکل میں چھاپ کر ان کو محفوظ کرنے کے علاوہ اس لائق بنا دیا ہے کہ لوگ زیادہ سے زیادہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اگرچہ اس کا موضوع تدوین حدیث ہے۔ لیکن مولانا گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قلم جب چل پڑتا تھا تو پھر سرگشتۂ خمار رسوم و قیود" رہنا نہیں جانتا تھا۔ چنانچہ اس کتاب میں بھی خاص موضوع بحث کے علاوہ فن حدیث و فقہ۔ تاریخ و سیر سے متعلق سیکڑوں وقائق و لطائف ہیں جو علما اور طلبا کے لئے بڑے کام کی چیزیں ہیں جہاں تک نفسِ موضوع کا تعلق ہے تو حقیقت یہ ہے مولانا مرحوم نے اس کو اس قدر بسط و تفصیل اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ مشکل سے ہی کوئی شخص اس پر اضافہ کر سکتا ہے۔

موطا امام محمد مترجم اردو تقطیع کلاں ضخامت ۷۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد درج نہیں۔ پتہ محمد سعید اینڈ سنز ناشران و تاجران کتب قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جو روایات حضرت یحییٰ ابن یحییٰ اللیثی سے لی تھیں ان کے مجموعہ کا

نام موطا امام مالک ہے اور امام عالی مقام نے جو روایات امام محمد بن حسن الشیبانی سے اخذ کی تھیں ان کا مجموعہ موطا امام محمد کے نام سے مشہور ہے۔ بہرحال اس تفصیل سے یہ معلوم ہوا ہوگا کہ موطا امام محمد کی حیثیت بھی دراصل وہی ہے جو موطا امام مالک کی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی موطا کا سلیس و عام فہم اردو ترجمہ مع متن کے ہے۔ لائق مترجم خواجہ عبدالوحید صاحب نے ترجمہ کے علاوہ جگہ جگہ بہت مفید حواشی اور نوٹ بھی لکھے ہیں۔ شروع میں مولانا عبدالرشید نعمانی کے قلم سے ایک فاضلانہ مقدمہ ہے جس میں موطا کی تاریخ اس کی خصوصیات اس کے نسخے اور بعض اور ضمنی مباحث بیان کی گئی ہیں ان سب امور کے پیش نظر یہ اردو ترجمہ صرف اردو خوانوں کے لئے ہی نہیں بلکہ حدیث کے عام طلبا کے لئے بھی معلومات میں اضافہ کا سبب ہوگا۔

سیرت اشرف از جناب منشی عبدالرحمٰن خاں صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۱۵ے صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت بارہ روپے۔ پتہ: ادارۂ نشر المعارف چھلیک ملتان شہر مغربی پاکستان۔

مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ پر اس وقت تک متعدد اچھی اچھی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک اور کڑی ہے۔ اگرچہ واقعہ یہ ہے کہ جہاں تک مولانا مرحوم کی شخصیت کی مصوری کا تعلق ہے خواجہ عزیزالحسن صاحب مجذوب کی اشرف السوانح آج بھی حرف آخر کا حکم رکھتی ہے اور جو کیف و اثر سرور و شوق اور جذب و مستی اس میں ہے کسی اور میں نہیں جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ حضرت مجذوب کو مولانا کے ساتھ اور مولانا کو مجذوب صاحب کے ساتھ جو باہمی ربط و تعلق تھا وہ کسی مرید کو مولانا کے ساتھ ہوا اور نہ مولانا کو کسی اور کے ساتھ تھا تاہم اس کتاب کا فائدہ یہ ہے کہ چونکہ یہ سب سے آخر میں لکھی گئی ہے اس لئے اس کی حیثیت ایک کشکول کی سی ہے جس میں رطب و یابس سب ہی کچھ ہوتا ہے جیسا کہ لائق مؤلف نے خود لکھا ہے اس کتاب کی اصل اساس اشرف السوانح ہی ہے تاہم عام فہم انداز نگارش کی وجہ سے اس کا افادہ زیادہ عام ہوگا۔ منشی صاحب لائق مبارک باد ہیں کہ انھوں نے حضرت تھانوی کو دیکھا بھی نہیں اور اس کے باوجود ان کا قلم عقیدت و ارادت کے پھول نچھاور کرتے ہیں کسی بڑے سے بڑے مرید سے پیچھے نہیں۔